بیلاروس کے وزیر خارجہ عزت مآب جناب سرگئی الینیک کا ہندوستان دورہ (مارچ 12-13، 2024)

14 مارچ، 2024

بیلاروس کے وزیر خارجہ عزت مآب جناب سرگئی الینیک ہندوستانی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر کی دعوت پر مورخہ 12-13 مارچ، 2024 کو ہندوستان کا سرکاری دورہ پر تشریف لائے۔

اس دورے کے دوران، بیلاروسی وزیر خارجہ نے وزیر خارجہ، ڈاکٹر ایس جے شنکر، کامرس اور صنعت، امور صارفین، خوراک اور عوامی تقسیم، ٹیکسٹائل، جناب پیوش گوئل اور کیمیکل و کھاد و صحت اور خاندانی فلاح و بہبود ڈاکٹر منسوکھ مانڈویا سے ملاقاتیں کیں۔ ساتھ ہی انہوں نے ہندوستانی کاروباری برادری کے علاوہ سکریٹری مالی خدمات، وزارت خزانہ، ڈاکٹر وویک جوشی سے ملاقات کی اور تبادلہ خیال کیا۔

مورخہ 12 مارچ، 2024 کو وزیر خارجہ کے ساتھ میٹنگ میں دونوں وزراء نے ہند- بیلاروس باہمی تعلقات کا جائزہ لیا اور تجارت، معیشت، بیمہ، دفاع، تعلیم، آئی ٹی اور سائنس و ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں شراکت داری کو فروغ اور باہمی تعاون کو بڑھانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں/عالمی مسائل اور مختلف کثیرالجہتی جماعتوں/تنظیموں جیسے کہ اقوام متحدہ، سیکورٹی کونسل اور دیگر پلیٹ فارموں پر باہمی تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

بیلاروسی وزیر خارجہ کی صحت اور خاندانی فلاح و بہبود، کیمیکلز اور فرٹیلائزرز کے وزیر جناب منسکھ مانڈویہ کے ساتھ 12 مارچ 2024 کو ملاقات میں صحت، دواسازی اور کھاد جیسے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے اور اس کو تقویت بخشنے کے طریقوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ سی آئی ایم جناب پیوش گوئل کے ساتھ ملاقات کے دوران، دونوں فریقوں نے دوطرفہ اقتصادی شراکت داری کے مختلف پہلوؤں جس میں الیکٹرک وہیکلس، زرعی مشینری اور کٹائی کے آلات کی تیاری میں باہمی تعاون تعاون کے ذریعہ دو طرفہ تجارت کو بڑھانے کے طریقے شامل ہیں، پر بات چیت کی۔ دونوں وزراء نے دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان دستیاب کاروباری مواقع کے بارے میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بیلاروسی وفد نے مورخہ 12 مارچ 2024 کو FICCI کے تعاون سے منعقدہ ہندوستانی کاروباریوں اور صنعت کاروں کے ساتھ ایک مذاکرہ میں بھی حصہ لیا۔

ہندوستان اور بیلاروس کے درمیان وسیع شعبوں میں جامع تعلقات رہے ہیں۔ انہوں نے دفتر خارجہ کی مشاورت، ایک بین الحکومتی کمیشن (IGC) اور مشترکہ ورکنگ گروپس کے ذریعہ باہمی تعاون کو آگے بڑھانے اور باہمی دلچسپی کے دوطرفہ، علاقائی اور کثیرالجہتی امور پر تبادلہ خیال کا میکانزم قائم کیا ہے۔ بیلاروس کے وزیر خارجہ آنجہانی مسٹر ولادیمیر میکی کا ہندوستان کا آخری دورہ نومبر 2022 میں تجارت، معیشت، صنعت، سائنس، ٹیکنالوجی اور ثقافت (IGC-TEC) پر ہندوستان-بیلاروس مشترکہ کمیشن کے 11ویں اجلاس کے لیے تھا۔ اس دوران EAM، CIM اور کیمیکل اور فرٹیلائزر کے وزیر کے ساتھ باہمی ملاقاتیں بھی ہوئیں۔

نئی دہلی
14 مارچ، 2024